# پس منظر نامہ4

وزارت خزانہ

فوری طور پر جاری کرنے کے لیے
2021FIN0023-000744
اپریل 20, 2021

**عالمی وباء اور بحالی کے دوران بی سی کے کاروبای اداروں کی مدد کرنا**

بی.سی. کاروباری اداروں کو بجٹ 2021 کے ذریعہ اس مشکل وقت کےدوران معاون شعبوں کی مدد کرنے کے لئے سپورٹ اور خدمات تک رسائی حاصل رہے گی؛ خاص طور پر وہ جو کووڈ-19 سے سب بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔

اسٹرونگر بیسی اکنامک ریکوری پلان (StrongerBCEconomicRecovery Plan)میں ہدف شدہ گرانٹ اور خدمات کی تفصیلات کو بجٹ 2021 مینبیان کیا گیا ہے تاکہ عالمی وباء کے دوران بی.سی. کے کاروباروں کی مدد کی جائے اور بحالی کی تیاری میں ان کی مدد کی جاسکے۔ جاری کاروبار کیمعاونتوں میں شامل ہیں:

- اسٹرونگر بی سی انکریزڈ ایمپلائنمنٹ انسینٹئیو (StrongerBC Increased Employment Incentive) ٹیکس کریڈٹ کی اعانت کرنے کے لئے 150 ملین ڈالر، اس ٹیکس کریڈٹ کا اعلان اسٹرونگر بی سی اکنامک ریکوری پلان (StrongerBCEconomicRecovery Plan) کے ذریعے کیا گیا جو نجی شعبے کے ان آجروں کے لئے ٹیکس کریڈٹ فراہم کرتا ہے جنھوں نے 2020 کی آخری سہ ماہی میں نئے ملازمین کے ذریعے تنخواہوں میں یا معاوضے میں اضافہ کیا۔
- بی.سی. کے کاشت کاروں کو ان عارضی غیر ملکی کارکنان کو، جو بی.سی. کی فصلوں کی کٹائی میں مدد کر رہے ہیں،کووڈ-19 سے محفوظ رکھنےمیں مدد کے لئے 35 ملین ڈالر۔
- بی.سی.کی مصنوعات کے لئے مقامی مارکیٹ کو مستحکم کرنے اور وسعت دینے کے لیے اور گرو بی سی(Grow BC)، فیڈ بیسی(Feed BC)، بائے بی سی(Buy BC) کی حکمت عملی کو وسعت دینے کے لیے تین سالوں کی مدت میں ی 10ملین ڈالر۔
- منتخب سامان اور مشینری میں سرمایہ لگانے پر PST کی چھوٹ، کاروباروں کو اپنےآپریشن کو محور بنانےیا اپ گریڈ کرنے میں مدد کرنے کے لئے ٹیکس میں اعانت جو درخواستوں کے لیے کھلی ہے اور یہ ستمبر 2021 تک جاری رہے گی اور تخمینی طور پر 110،000 انکارپوریٹڈ کاروبار شامل ہیں۔
- اسمال اینڈ میڈیم سائز بزنس ریکوری گرانٹ پروگرام (Small- and Medium-sized Business Recovery Grant program) کو جاری رکھنے کے لئے 195 ملین ڈالر کی مالی اعانت۔ بزنس کمیونٹی کے ساتھ بات چیت کے بعد، اس پروگرام تک رسائی اب آسان ہے اور زیادہ کاروبار اہل ہیں۔

صوبہ عالمی وباء کے دوران کاروباروں کے لئے معاونت فراہم کرتا رہا ہے۔ خزاں کا 2020 کا اسٹرونگر بیسی اکنامک ریکوری پلان (StrongerBCEconomicRecovery Plan) اور اس سے قبل 2020-21 کی اعانتوں میں شامل تھا:

- لانچ آن لائن (Launch Online) پروگرام کے لئے44 ملین ڈالر، کاروباری اداروں کو ان کے ای-کامرس کی تشکیلیا بہتری لانے کے لیے بی.سی. ٹیکنالوجی کمپنیوں کے ساتھ منسلک کرنا اور کاروباروں کو ڈیجیٹل مارکیٹنگ کی تربیت فراہم کرنا تاکہ وہ اپنی آن لائن فروخت کو بڑھاسکیں۔
- نئی ٹیکنالوجیزیا مصنوعات کا کاروبار کر کے اپنی مصنوعات کو مارکیٹ میں زیادہ قابل رسائی بنانے کے لیے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کی اعانت کر کے بی.سی. میں ویلیو ایڈڈ مینوفیکچرنگ میں اضافہ کرنے کے لئے 10 ملین ڈالر، اور بی. سی. کی سپلائی چین کو مضبوط بنانے میں مدد کرنے کے لئے کاروباروں کے لئے 6 ملین ڈالر کی اضافی گرانٹ۔
- بی.سی. کی بڑھتی ہوئی زرعی- ٹیکنالوجی صنعت کی اعانت کے لئے7.5 ملین ڈالر۔
- بی.سی. کے فوڈ ہب نیٹ ورک(Food hub network)میں توسیع کرنے اور فارم کی جدت طرازی اور فوڈ پروسیسنگ کیاعانت کے لئے 7 ملین ڈالر۔
- 2020کیلنڈر سال میں کمرشل پراپرٹی ٹیکس میں اوسطاً 25٪ کمی، کاروباروں کے لئے 700 ملین ڈالر سے زیادہ کی کمی۔
- کینیڈا ایمرجنسی کمرشل رینٹ اسسٹینس پروگرام (Canada Emergency Commercial Rent Assistance program)، جس کی لاگت وفاقی حکومت کے ساتھ مشترکہ ہے، جس نے ستمبر 2020 کے آخر تک اپے دخلی پر پابندیوں اور گذشتہ سال کاروبار کی بندش کےعروج کے دوران کرایہ میں 75 فیصد تک کمی کے ساتھ کاروباروں کی مدد کی تھی۔

**بی.سی. کے سب سے زیادہ متاثرہ شعبوں کو سپورٹ کرنا**

عالمی وباءسے تمام شعبے ایک ہی طرح سے متاثر نہیں ہوئے تھے۔ چونکہ مختلف شعبوں کو درپیش چیلنجز واضح ہوتے جارہے ہیں، حکومت نے ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے حمایت تیار کی ہے۔

**سیاحت**

سیاحت آپریٹرز کے لیے، کووڈ-19 نے سرحدوں کو بند کر دیا اور اس سفر کو ختم کر دیا جس پر ان کاروباروں کا انحصار تھا۔ حکومت نے اس مشکل وقت میں ان کی مدد کے لئے گذشتہ ایک سال کے دوران اس شعبے کے ساتھ مل کر کام کیا ہے ، ان میں شامل ہیں:

- خزاں 2020 کے اسٹرونگربیسی پلان (StrongerBCplan) میں سیاحت کی امداد اور بحالی کے اقدامات میں 68 ملین ڈالر، بشمول بلدیات کو ان کے سیاحت کے انفراسٹرکچر اور ڈیسٹینیشن بی سی (Destination BC) کی فنڈنگ کی تشکیل ، موافقت اور اسے متنوع بنانے میں مدد کے لئے سرمایہ کاری تاکہ جب وزیٹرز کا خوش آمدید کہنا محفوظ ہو، تب بی.سی. مقامی طور پر مارکیٹ کر پائے اور بین الاقوامی سیاحت کی منڈی میں اپنی جگہ محفوظ بنا سکے ۔
- مقامی سودیشی سیاحت کے کاروباروں کو رلیف اور بحالی کی مد میں $45,000 تک کی گرانٹ کے ساتھ 5 ملین ڈالر، جب کاروبار کووڈ-19 کے جاری معاشی اثرات کا سامنا کر رہے ہیں۔
- 2020 کے خزاں میں اعلان کردہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے بزنس گرانٹ (اسمال اینڈ میڈیم سائزڈ بزنس گرانٹ) کی 100ملین ڈالر کی فنڈنگ میں سیاحت آپریٹرز کو ہدف بنایا گیا ہے۔

جیسے کہ بی.سی. عالمی وباءسے گذرتا ہوا بحالی کی طرف جا رہا ہے، حکومت کاروباری اور سیاحت کے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ساتھ صحت کے عہدیداروں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھے گی تاکہ بی.سی. سیاحت کے شعبے میں واپسی کے لئے تیار رہے اور جیسے ہی ایسا کرنا محفوظ ہو،تب دنیا بھر کے لوگوں کا خیرمقدم کرے۔ بی.سی. کے سیاحت کے شعبہ کو ایک مضبوط مستقبل کے لئے تیار ہونے میں مدد کرنے کے لئے، حکومت سرمایہ کاری کرے گی:

- 2021-22میں شروع ہونے والی سیاحت کی بحالی میں مدد کے لئے بجٹ 2021 کے ذریعے 100 ملین ڈالر، بشمول برٹش کولمبیا کو ایک منفرد منزل بنانے میں اہم اینکر پرکشش مقامات کی اعانت بھی۔
- کمیونٹی منزل کی ترقی کی گرانٹ کے لئے بجٹ 2021 میں اضافی 20 ملین ڈالر، جو کمیونٹی کو مستقبل کے زائرین کے لیے، نئے سیاحت کے انفراسٹرکچر جیسے کہ ٹریلز اور ہوائی اڈے کی بہتری کے ذریعہ تیارہونے میں مدد فراہم کریں گے۔

**فن اور ثقافت**

آرٹس کی تنظیموں اور تفریحی اور پروگراموں کی صنعتوں کے لئے، عالمی وباء کا عمومی طور پر مطلب تھیٹر، آرٹ گیلریوں اور میوزک کے مقامات پر لائٹس بند کرنا، شو منسوخ کرنا اور ناظرین سے جڑنے کے لئے جدید طریقوں کی ضرورت ہوتا ہے۔ حکومت نے بی.سی. کی آرٹس اور تفریحی کمیونٹیز کے رہنماؤں کے ساتھ مل کر کام کیا ہے تاکہ بحالی کی ہدف شدہ مالی اعانت تیار کی جاسکے اور حکومت پہلے ہی خزاں 2020 کے اسٹرونگر بیسی اکنامک ریکوری پلان (StrongerBCEconomicRecovery Plan) کے تحت 35 ملین ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری کر چکی ہے۔

اسٹرونگربی سی پلان (StrongerBCplan) کے ذریعے، حکومت نے اگلے تین سالوں میں بی.سی. کی میوزک انڈسٹری کو سپورٹ کرنے کے لئے ایمپلیفائی بی سی(AmplifyBC) کے ذریعے 22.5 ملین ڈالر کی فنڈنگ فراہم کی۔ 2021 کا بجٹ آرٹس انفراسٹرکچر پروگرام کے بجٹ کو بھی دگنا کرتا ہے۔ اس سے گرانٹس کے ذریعے فنون اور ثقافت کی تنظیم کی بحالی کے لئے تین سالوں میں 6 ملین ڈالر فراہم کیے جائیں گے جو نئی جگہوں کی تعمیر، موجودہ جگہوں میں توسیع یا نئے سامان کی خریداری جیسے بہتری کی کاموں میں سرمایہ لگانےمیں اعانت کریں گے۔

**ریسٹورنٹس اینڈ ہاسپیٹیلیٹی**

ریسٹورنٹس اور ہاسپیٹیلیٹی کی صنعت نے عالمی وباء اور صوبائی محکمہ صحت کے احکامات کے بدلتے ہوئے مناظر کو مستقل طور پر ڈھال لیا ہے۔ برٹش کولمبیا کے باشندوں کے دیکھا کہ کاروباروں نے آپس میں مل کر اور اس مشکل وقت سے گذرنے میں مدد کے لئے کاروبار چلانے کے جدید حل پیدا کیے۔ حکومت ریسٹورنٹس اور ہاسپیٹیلیٹی کی صنعت کی اس طرح سے مدد کر رہی ہے:

- سرکٹ بریکر بزنس ریکوری گرانٹس(Circuit Breaker Business RecoveryGrants) کے ذریعہ 50ملین سے زیادہ کے ساتھ حالیہ صحت کی پابندیوں کے دوران 14،000 ریستورانٹس، بارز، بریوری، جمز اور فٹنس مراکز کی امداد کرنا۔
- شراب لائسنس رکھنے والے ریستورانٹس، بار اور ٹورزم آپریٹرز کو بیئر، وائن اور اسپرٹ مستقل طور پر تھوکقیمتوں پر خریدنے کے لیے مدد فراہم کرنا تاکہ انہیں کچھ اضافی مالی رلیف ملے۔
- فوڈ ڈیلیوری کرنے والی کمپنیوں کے طرف سے ریستورانوں سے 15٪ تک وصول کی جانے والی فیسوں پر عارضی حدمقرر کرنا، تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کا گھر پر کھانے کے رجحان کے ساتھ، ریستورانٹ اپنا کاروبار آن لائن جاری رکھ سکیں۔
- صوبہ بھر میں حفاظتی ٹیکوں کے کلینک میں بی.سی. کے حفاظتی ٹیکوں کے منصوبے میں مدد کے لیے غیر کلینیکل عملے کی حیثیت سے سیاحت اور مہمان نوازی کے ان سینکڑوں کی تعداد میں عملے کی خدمات حاصل کرنا جن کو عالمی وباء کے دوران نوکری سے نکال دیا گیا تھا۔

ریستورانٹس کا چھٹیوں میں نفیس ڈنر ڈیلیور کرنے سے لے کر مقامی آرٹس تنظیموں کی طرف سے آن لائن اسٹریمنگ تک، بی.سی. کے کاروباری اداروں نے تخلیقی صلاحیتوں اور جدتوں کو دوبارہ سوچنے اور نئے طریقے اپنانے کے لئے استعمال کیا ہے۔ ان کاروباری اداروں کی مدد کے لئے جن کو اس کی اس وقت ضرورت ہے اور بی.سی. کے تمام کاروباروں کو ایک مستحکم مستقبل کی طرف جانے میں مدد کے لیے حکومت یہاں موجود ہے

**رابطہ کریں:**

وزارت خزانہ

میڈیا ریلیشنز

250 387-5710

---